## سابق گورنر سندھ محمود اے ہارون کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔6، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق گورنر سندھ محمود اے ہارون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## مولانا اسد دیوبندی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔6، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف عالم دین اور خطیب مولانا اسد دیوبندی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے دعا کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں بہنوں بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مولانا اسد دیوبندی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے اللہ تعالی کے حضور خصوصی دعا کریں ۔

## حق پرست عوام و کارکنان بزرگ کارکن ولی محمد اور شاہجہاں بیگم کی والدہ کی صحت یابی کیلئے دعا کریں ، الطاف حسین

لندن۔۔۔6، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ نارتھ کراچی سیکٹر کے رکن ولی محمد اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی رکن محترمہ شاہ جہاں بیگم کی والدہ محترمہ اختری بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں بہنوں بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ بزرگ کارکن ولی محمد اور محترمہ اختری بیگم کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے اللہ تعالی کے حضور خصوصی دعا کریں ۔

## امریکی قونصل جنرل کے اینسکی کی نائن زیرو پر ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ملاقات

### پاکستان امریکہ تعلقات ، ملک کی موجودہ صورتحال اور مختلف امور پر تبادلہ خیال

### نو منتخب صدر بارک اوباما کے اقتدار سنبھالنے کے بعد قبائلی علاقوں کے حوالے سے امریکی پالیسی میں اگر کوئی تبدیلی آئی اس کا اعلان وہ خود کرینگے ۔ کے اینسکی

### ایم کیو ایم جمہوری اقدار کا پاس رکھنے والی ، ایک ترقی پسند اور لبرل سیاسی جماعت ہے ۔ کے اینسکی

کراچی۔۔۔6 نومبر 2008ء۔۔۔کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل کے اینسکی (Kay Anskay) نے کہا ہے کہ پاکستان میں قبائلی علاقوں کے حوالے سے امریکہ کے نو منتخب صدر بارک اوباما کے جنوری میں اقتدار سنبھالنے کے بعد امریکی کی پالیسی میں اگر کوئی تبدیلی آئی اس کا اعلان وہ خود کرینگے لیکن فی الحال اس حوالے سے موجودہ امریکی پالیسی جاری رہے گی ۔ یہ بات انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ہونیوالی الوداعی ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان گہرے دوستانہ مراسم ہیں جو 61 سال پر محیط ہیں ، ہمارا مختلف سیاسی جماعتوں سے رابطوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے ، ایم کیو ایم بھی ایک اہم اور ذمہ دار سیاسی جماعت ہے جبکہ ہمارے سندھ اور بلوچستان کی دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ بھی اچھے تعلقات ہیں جس میں ایم کیو ایم سرفہرست ہے اس سے قبل امریکی قونصلیٹ جنرل نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ڈپلومیٹک کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اور ان سے پاکستان امریکہ تعلقات ، ملک کی موجودہ صورتحال اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا ۔ملاقات میں شعیب بخاری ایڈوکیٹ ، شاہد لطیف ، سینیٹر بابر خان غوری ، صوبائی وزراء سید سردار احمد ، فیصل سبزواری اور سٹی نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل موجود تھیں ۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک ذمہ دار اور عوامی مقبولیت رکھنے والی سیاسی جماعت ہے جو جمہوری اقدار کا پاس رکھنے والی ، ایک ترقی پسند اور لبرل سیاسی

جماعت ہے۔انہوں نے جمہوریت کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی خدمات اور سیاست برائے خدمت کے فلسفے کوسراہا اور کہا کہ ہر سیاسی جماعت کا نصب العین اور کام اسی بنیاد پر ہونا چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ مثبت طرزفکر اور عمل کی وجہ سے ایم کیوایم کے وقار میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے ۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امریکی قونصلیٹ جنرل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اوران سے کہا کہ ایم کیوایم کا مقصد سیاست برائے سیاست نہیں بلکہ وہ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر امریکی قونصلیٹ جنرل کوایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ایک خوبصورت قالین کا تحفہ بھی پیش کیا گیا ۔اس سے قبل معززمہمان نائن زیرو پہنچیں تو ایم کیوایم کے صوبائی وزیر سید سردار احمد اور نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔

## بلوچستان میں زلزلہ زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں

## متاثرین کوامدادی اشیاءفراہم کرنے کیلئے زیارت اورخواص میں مزید امدادی کیمپوں کا قیام

## سینکڑوں متاثرین کوطبّی سہولیات کے ساتھ لاکھوں روپے مالیت کی ادویات اورغذائی اشیاءفراہم کی گئیں

## حق پرست اراکین اسمبلی نے زیارت اورخواص میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپوں کا دورہ کیا

زیارت۔۔۔06نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان میں زلزلے سے متاثرہ عوام کی امداد کا سلسلہ زلزلے کے آٹھویں روز بھی جاری رہا اس سلسلے میں اپنی جانوں کی پرواہ کیئے بغیر بلوچستان پہنچنے والی خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر مشتمل طبّی امدادی ٹیموں نے زیارت کے علاقہ کللی چننا،خواص یونین کونسل زیندرہ کے مختلف علاقوں کللی حاجی عبدالرحیم ،کللی حاجی شربت ،کللی مہاجر کیمپ اور کللی حاجی جلال سمیت دیگر علاقوں میں طبّی وامدادی کیمپس قائم کردیئے ہیں جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے گشتی شفاء خانہ نے دور دراز کے دیگر مقامات پر جاکر زلزلہ سے متاثرہ سینکڑوں متاثرین خصوصاً بزرگ ،خواتین، نوجوان اور بچوں کا مکمل طبّی معائنہ کرکے انہیں ادوایات فراہم کیں اوران میں امدادی اشیاءتقسیم کیں ۔بلوچستان خصوصاً زیارت اور خواص کے مختلف علاقوں میں وقتاً وقتاً زلزلے کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ روز بھی ان علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے زلزلہ متاثرین کوطبّی وامدادی سہولیات کے ساتھ انہیں کھانے پینے کی اشیاءخوردونوش اور دیگر ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء کی فراہمی بھی جارہی ہیں ۔زیارت میں قائم امدادی کیمپ پر دوسو سے زائد متاثرین کا طبّی معاینہ کیا گیا اوران میں امدادی اشیاءتقسیم کی گئی جبکہ خواص میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی طبّی امدادی کیمپ پر چارسو سے زائد متاثرین کو علاج معالجے کی مکمل سہولیات فراہم کی گئیں اوران میں بھی راشن آٹا، چاول، دالیں، گھی ،شکر ،نمک اور مصالحہ جات سمیت ضرویات زندگی کی اشیاءبھی تقسیم کی گئیں ۔دریں اثناءحق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی عبدالوسیم ،عامرمعین پیرزادہ اور معین خان نے ایم کیوایم کی کونٹیک کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی ،رکن عبدالخالق بلوچ کے ہمراہ بلوچستان کے زلزلے متاثرہ شہر زیارت اور خواص کا ہنگامی دورہ کیا اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرین کوطبّی وامدادی سہولیات کا جائزہ لیا اور متاثرین سے ملاقات کرکے ان میں آٹا، چاول، دالیں، گھی ،شکر، چائے کی پتی ،نمک ،مرچ اور مصالحہ جات کے راشن کے تیار پیکٹس، خیمے، کمبل ،گرام ملبوسات، پینے کا پانی اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاءتقسیم کیں ۔اس موقع پرحق پرست اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے اوراپنے تمام تر وسائل دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت پر صرف کررہی ہے،انہوں نے کہا کہ شمالی علاقہ جات کے زلزلے ہوں یا بلوچستان کے،ایم کیوایم کے کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر خدمت کے جذبے سے سرشاد ہیں اور بلاتفریق رنگ ونسل دکھی اور پریشان حال عوام کی خدمت کررہے ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان میں متاثرین کی امداد کیلئے نویں امدادی کھیپ روانہ

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی نویں امدادی کھیپ پی آئی اے کی پروز سے کوئٹہ پہنچے گی ،شعیب بخاری نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا

کراچی۔۔۔06نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان میں زلزلے سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے جمعرات کے روز دوٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی نویں کھیپ پی آئی اے کی پرواز کے ذریعہ کراچی سے بلوچستان روانہ کردی گئی ہے امدادی سامان میں آٹے کی

10 کلو کی 500 بوریاں ہیں جو بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ عوام میں تقسیم کیا جائے گا۔امدادی سامان کی نویں کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع ایس ٹی 7 بلاک 14 فیڈرل بی ایریا سے ٹرکوں کے ذریعے ایئرپورٹ لیجایا گیا جہاں سے پی آئی اے کی فلائٹ کوئٹہ کیلئے کارگو کیا گیا،اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیراورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید شعیب احمد بخاری نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔اس موقع پرامدادی سرگرمیوں میں مامورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اورایم کیوایم کے کارکنان بھی موجود تھے۔

## بلوچستان کے صوبائی وزیرجنگلات وجمعیت علماءاسلام فضل الرحمٰن گروپ کے رہنماء عبدالصمداخوندزادہ کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کیمپ کا دورہ،امدادی کاموں کا جائزہ لیا

زیارت۔۔۔06نومبر2008ء۔۔۔بلوچستان اسمبلی کےصوبائی وزیرجنگلات اورجمعیت علماءاسلام مولانافضل الرحمٰن گروپ کے رہنماءمولاناعبدالصمداخوندزادہ نے گزشتہ روز بلوچستان میں متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ کا دورہ کیااورمتاثرین کوطبّی وامدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پرانہوں نے ایم کیوایم کی جانب سے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے امدادی سرگرمیوں پراطمینان کا ظہارکرتے ہوئے ایم کیوایم کے جذبے کی تعریف کی۔وہ کچھ دیرکیمپ پرموجودرہےاورانہوں نے متاثرین سے بھی ملاقات کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی کونٹیکٹ کمیٹی کے ارکان اورمیڈیکل ایڈکمیٹی کے ڈاکٹرزوپیرامیڈیکل نے متاثرین کی امداداوران کےعلاج ومعالجے کےحوالے سےانہیں تفصیلی آگاہی فراہم کیں۔

## شاہ فیصل کالونی کےشہیدکارکن سراج الدین شہیدکی والدہ کےانتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔06نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹریونٹ104 کے کارکن سراج الدین شہیدکی والدہ زہرہ خاتون کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائےاورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆